سوال

(379)وسوسہ کا علاج

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں ایک مسلمان نوجوان ہوں اور حال ہی میں اسلامی احکام کی پابندی شروع کی ہے ۔ شیطان کی طرف سے مجھے بہت سی رکاوٹیں پیش آتی ہیں ۔ جب میں ایک پر قابو پانے میں کامیاب ہوتا ہوں تو دوسری چیز سامنے آجاتی ہے ۔ میں شریعت کی پابندی کے معاملہ میں ایک اچھے مرحلے تک پہنچ گیا تھا اور میں دیکھتا تھا کہ میں اللہ کے فضل سے اپنے اردگرد کے افراد سے بہتر ہوں ۔ لیکن اب مجھے یوں نظر آنے لگا ہے کہ جو مجھ سے کم پابند شریعت تھے وہ مجھ سے بہتر ہوگئے ہیں ۔ اور اللہ کی اطاعت میں مجھ سے آگے نکل گئے ہیں اور میں مسلسل پستی میں گرتا جارہا ہوں اور جو پاکیزہ زندگی گزار رہا تھا اس سے دور ہوتا جارہا ہوں ۔ میں ہر طرح نفس اور شیطان کا مقابلہ کرتا ہوں ۔ لیکن کوئی ایسا شخص نظر نہیں آتا جو میری اندرونی کیفیت کو سمجھ سکے ۔ مجھے یوں لگتا ہے کہ میرا دل اندر ہی اندر ٹکڑے ٹکڑے ہوگیا ہے ۔ لیکن کوئی شخص ایسا نہیں جس کو اپنے دل کی بات بتا سکوں کہ شیطان میرے دل میں کیا کیا باطل خیالات ڈال رہا ہے ۔ میں خواہ مسجد میں ہوں یا سڑک پر گھر میں ہوں یا سکول میں ' یہ وسوسہ مجھ سے کسی بھی حرکت اور سکون کی حالت میں لمحہ بھر کیلئے بھی جدا نہیں ہوتا ۔ کیا کوئی ہے جو شیطان کے مقابلے میں میرا ساتھ دے سکے ؟ کیا کوئی ہے جسے اللہ میری مدد کرنے کی توفیق بخشے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہم آپ کو نصیحت کرتے ہیں کہ ان وسوسوں میں مشغول نہ ہوں ۔ ان کی طرف بالکل توجہ نہ دیں ۔ تلاوت قرآن مجید زیادہ کریں ' نیک اعمال کرتے تہیں ۔ اللہ کی طرف رجوع کریں اور اسے سے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ آپ کو شیطان کے فریب سے بچائے اور حق پر قائم رکھے ۔ تمام جن اور انسان اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہیں ' جسے چاہتا ہے انہیں پھیر دیتا ہے ۔ اپنی عبادت پر فخر نہ کریں ۔ اپنے اچھے کردار اور نیکیوں کی کثرت سے دھوکا نہ کھائیں ۔ عبادت میں اور آخرت کے معاملات میں اپنے سے کم تر کی طرف نہ دیکھیں ۔ کیونکہ اس کے نتیجے میں انسان دھوکے کا شکار ہوجاتا ہے اور نیک اعمال میں کمی اور کوتاہی کرنے لگتا ہے اور شیطان نیکی کے کاموں میں مسلمان کی ہمت پست کردیتا ہے ۔ آپ اس شخص کی طرف دیکھیں جو کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ ﷺ کی پابندی اور اس پر عمل کرنے میں آپ سے بڑھ کر ہے ۔ اس سے زیادہ نیکیاں کرنے اور اللہ تعالیٰ کی مغفرت اور رحمت کی طرف تیزی سے آگے بڑھنے اور بلند درجات اور جنت الفردوس کے حصول کے لئے کام کرنے کی ہمت پیدا ہوگی ۔ امید ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو راہ حق پر ثابت قدمی عطا فرمائیں گے اور صراط مستقیم کی طرف آپ کی رہنمائی فرمائیں گے اور آپ کو وسوسوں سے نجات دیں گے ۔

ہم آپ کو یہ بھی نصیحت کرتے ہیں کہ امام ابن جوزی کی کتاب ''تلبیس ابلیس'' کا مطالعہ کریں ۔ انہوں نے اس موضوع پر خوب لکھا ہے ۔ امید ہے اللہ تعالیٰ آپ کو اس کے مطالعہ سے فائدہ دیں گے ۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ دارالسلام

ج1

محدث فتویٰ